آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ

AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

## سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ

## امتحانی سلیبس

# اخلاقیات

نویں جماعت کے لیے

قومی نصاب 2007 کے مطابق

**ناشر**

**آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ**

بلاک-سی، آئی ای ڈی-پی ڈی سی، ۵-۱/بی-۷

فیڈرل بی-ایریا، کریم آباد،

کراچی

نظر ثانی شدہ: مارچ 2025

(اس سلیبس کی نظر ثانی 2009، 2018 اور 2022 میں بھی ہو چکی ہے۔)



FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

© The Aga Khan University Examination Board, 2025

All rights and entitlements reserved.
This syllabus is developed by Aga Khan University Examination Board for distribution to all its affiliated schools only. No part of this syllabus may be copied, reproduced or used for any other purpose whatsoever without prior written permission of the Aga Khan University Examination Board.

# سیکنڈری اسکول سر ٹیفکیٹ
## امتحانی سلیبس

# اخلاقیات
## نویں جماعت کے لیے

اس نظر ثانی شدہ سلیبس سے
نویں جماعت کے سالانہ اور ستمبر کے امتحانات 2026 سے لیے جائیں گے

یہ سلیبس غیر مسلم طلبہ کے لیے اسلامیات کا متبادل ہے۔

FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

| صفحہ نمبر | عنوانات |
|---|---|
| 5 | پیش لفظ |
| 7 | آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے نصاب (سلیبس) کی تفہیم |
| 8 | آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے مضمون 'اخلاقیات' کے امتحانی سلیبس کی خصوصی توجیہہ (Rationale) |
| 10 | آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ، امتحانی سلیبس برائے اخلاقیات، جماعت نہم کے تعلّمی حاصلاتِ طلبہ |
| 19 | جانچنے کا طریقہ |
| 21 | خدمات کا اعتراف |

FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

**معلومات اور اپنی رائے کے لیے رابطہ کیجیے**

**پتہ:** آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ
بلاک-سی، آئی ای ڈی-پی ڈی سی، ۵-۱/بی-۷
فیڈرل بی-ایریا، کریم آباد، کراچی

**فون:** (92-21) 3682-7011-8

**برقیاتی خط:** examination.board@aku.edu

**ویب سائٹس:** http://examinationboard.aku.edu

**فیس بک:** www.facebook.com/akueb

**لنک ٹری:** https://linktr.ee/akuexamboard

## پیش لفظ

سال 2002 میں آرڈیننس کے تحت قائم ہونے والا آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ (AKU-EB)، پاکستان میں ثانوی (SSC) اور اعلیٰ ثانوی (HSSC) جماعتوں کے امتحانات لینے والا پہلا خود مختار نجی ادارہ ہے۔ آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کا نصب العین ہے کہ وہ نہ صرف پاکستان بلکہ ترقی پذیر دنیا میں تعلیمی نظام کے حوالے سے مہارت اور جدّت طرازی کا استعارہ بن جائے۔

اپنے اس نصب العین کی تحصیل کے بیش تر طریقوں میں سے ایک طریقہ ایسا سلیبس (syllabus) وضع کرنا ہے جو قومی نصاب / بین الصوبائی نصاب اور بین الاقوامی معیارات سے ہم آہنگ ہو۔ اے کے یو-ای بی (AKU-EB) طلبہ، اساتذہ اور ممتحنین کی ضروریات کے پیشِ نظر وقتاً فوقتاً اپنے سلیبس پر نظر ثانی کرتا رہتا ہے۔

ثانوی و اعلیٰ ثانوی جماعتوں (SSC & HSSC) کے امتحانی سلیبس کی نظر ثانی کے مقاصد یہ ہیں:

- پاکستان کے قومی نصابات کے اہداف کے ساتھ مسلسل مطابقت کو یقینی بنایا جائے۔
- سلیبس کے متن کی نظر ثانی کر کے متروک یا فرسودہ معلومات کو حذف کرنے کے لیے نئے مواد کا جائزہ لیا جائے۔
- طلبہ، اساتذہ اور ممتحنین کی بدلتی ضروریات کے مطابق وضاحت اور مطابقت کے لیے جائزہ لیا جائے۔
- ثانوی و اعلیٰ ثانوی جماعتوں (SSC & HSSC) میں علمی تسلسل اور ترقی کو بہتر اور مضبوط کیا جائے۔
- اعلیٰ تعلیم کے لیے طلبہ کی تیاری کو یقینی بنایا جائے۔

سلیبس پر نظر ثانی کرتے ہوئے تمام اسٹیک ہولڈرز کی ضروریات دریافت کرنے کی غرض سے ایک سروے کیا گیا۔ اے کے یو-ای بی (AKU-EB) سے الحاق شدہ اسکولوں کے اساتذہ و طلبہ نے اس سروے میں حصّہ لیا۔ اگلے مرحلے میں بورڈ سے الحاق شدہ اور غیر الحاق شدہ اسکولوں سے مدعو کیے گئے ممتحنین، اساتذہ، اساتذہ کو تربیت دینے والی علمی شخصیات اور جامعات کے فاضل خواتین و حضرات پر مشتمل پینل نے ایک طے شدہ، باریک بین اور معیاری طریقہ اپناتے ہوئے سلیبس میں تبدیلی کے لیے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا۔

سلیبس کو موضوعات اور ذیلی موضوعات میں مرتّب کیا گیا ہے۔ نیز ہر ذیلی موضوع ایسے تعلّمی حاصلاتِ طلبہ (SLOs) میں تقسیم ہے جن کا حصول ممکن ہے۔ ان تعلّمی حاصلاتِ طلبہ (SLOs) کے تعلّمی درجات / مراحل (cognitive domains) کو تفہیمی سطح تفویض کی گئی ہے، جنھیں حاصل کرنا لازمی ہے۔ یہ تعلّمی درجے / مراحل 'جاننا'، 'سمجھنا' اور 'اطلاق' ہیں۔ مؤخر الذکر تفہیمی سطح (اطلاق) میں دیگر اعلیٰ مدارج (تجزیہ، تشخیص اور تخلیق) کی حامل دوسری مہارتیں بھی شامل ہیں۔ اس کے بعد 'امتحانی تخصیصاتِ پرچہ جات' (Exam Specifications) بھی اس سلیبس کا حصّہ ہیں، جن میں واضح راہ نمائی دی جاتی ہے کہ ہر موضوع کتنے نمبروں کا حامل ہو گا اور جانچ کیسے کی جائے گی۔

اس نظر ثانی شدہ سلیبس کی تیاری میں اے کے یو-ای بی (AKU-EB) کے شعبے 'کریکیولم اینڈ ایگزامینیشن ڈویلپمنٹ (Curriculum & Examination Development)' کی تخلیقی صلاحیتوں، محنت، لگن اور اے کے یو-ای بی (AKU-EB) کے دیگر شعبوں کا بھی اہم کردار ہے۔ ہم

FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

خاص طور پر شکر گزار ہیں: 'پرنسپل سلیبس ریویوئر(Principle Syllabus Reviewer)'، 'سلیبس ریویژن پینلسٹس (Syllabus Revision Panellists)' اور دیگر ارکان کا کہ جنھوں نے سلیبس بنانے میں شمولیت فرمائی۔ ساتھ ہی اُن طلبہ اور اساتذہ کے بھی شکر گزار ہیں کہ جنھوں نے نیڈس اسمینٹ سروے(Needs-Assessment Survey)میں حصّہ لیا۔ نیز اُن تمام پرنسپلز کا شکریہ کہ جنھوں نے اپنے اُن اساتذہ کی حوصلہ افزائی کی جو سروے(survey)اور سلیبس ریویژن پینل(Syllabus Revision Panel)کا حصّہ بنے۔

یہ آپ سب کی محنت اور حوصلہ افزائی ہی کا نتیجہ ہے کہ ہم اے کے یو۔ای بی (AKU-EB) پاکستان کے قومی / بین الصوبائی نصابات اور نصاب سازی کے بین الاقوامی معیارات کا موئثر انداز میں اطلاق یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات اُٹھا سکے۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ سلیبس طلبہ کو وہ مدد اور تعاون فراہم کرے گا، جو انھیں تعلیم حاصل کرنے کے اگلے مرحلے میں داخل ہونے کے لیے ضروری ہے اور ہم اپنے تمام طلبہ اور اساتذہ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں جو اس سلیبس سے مستفید ہوں گے۔



**ڈاکٹر نوید یوسف**

چیف ایگزیکٹو آفیسر (CEO) آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ

ایسوسی ایٹ پروفیسر آف پریکٹس، ایجوکیشنل ڈویلپمنٹ، فیکلٹی آف ہیلتھ سائنس، آغا خان یونیورسٹی

FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

# آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے نصاب (سلیبس) کی تفہیم

1۔ اے کے یو۔ ای بی کا سلیبس (syllabus)، طلبہ ، اساتذہ، والدین اور دیگر متعلقہ افراد کی راہ نمائی کرتا ہے کہ کس کس درجے ( IX, X, XI, XII) میں کون کون سے موضوعات پڑھا کر ان کا امتحان لیا جائے گا۔ ہر ایک مضمون کے سلیبس میں متن کی ترتیب آسان سے مشکل کی طرف دی گئی ہے۔یوں سلیبس میں شامل موضوعات کی درجہ بہ درجہ تصوراتی فہم حاصل ہوتی چلی جاتی ہے۔

2۔ سلیبس میں موجود موضوعات کو ذیلی عنوانات اور تعلّمی حاصلاتِ طلبہ (SLOs) میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ذیلی عنوانات اور تعلّمی حاصلاتِ طلبہ بیان کرتے ہیں کہ مضمون کی تدریس اور امتحان، کتنی عمق اور وسعت پر محیط ہوں گے۔ یہ سلیبس ایسے فعال بنانے والے تعلّمی حاصلاتِ طلبہ بھی فراہم کرتا ہے، جہاں طالبِ علم کے سیکھنے کے عمل کو سہارا دینے کی ضرورت ہو۔

3۔ ہر ایک تعلّمی حاصلِ طلبہ (SLO) قابلِ حصول اور قابلِ جانچ کے تناظر میں کسی خاص **کلمۂ امریہ (Command Word)** سے تعلق رکھتا ہے، مثلاً: بیان کرنا، وضاحت کرنا، دلیل پیش کرنا وغیرہ۔ **کلماتِ امریہ** (Command Words) کے استعمال کا مقصد اساتذہ اور طلبہ کی توجہ ان مخصوص کاموں کی جانب مبذول کروانا ہے، جن کی آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے سلیبس (syllabus) میں امیدواروں سے توقع کی گئی ہے کہ وہ اپنے مضمون کی پڑھائی کے سلسلے میں ان پر عمل کریں گے۔

4۔ تعلّمی حاصلاتِ طلبہ (SLOs) کو بلومز ٹیکسانومی کی **تفہیمی سطحوں** جاننا، سمجھنا، اطلاق (اط) اور ساتھ ہی اس سے آگے کی دیگر اعلیٰ مدارج تجزیہ (ت ج)، تشخیص (ت ش)، تخلیق (ت خ) کو بھی شامل کیا گیا ہے، جو کہ درس و تدریس، سیکھنے اور جانچ کے لیے مؤثر منصوبہ بندی کو آسان بنانے کے لیے ہیں۔ اس کے علاوہ، حسبِ ضرورت کچھ تعلّمی حاصلاتِ طلبہ (SLOs) کو 'تشکیلی تشخیص (Formative Assessment)' کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔

5۔ یہ سلیبس تمام مضامین کے لیے ایک یکساں ترتیب پر تشکیل دیے گئے ہیں تا کہ یہ طلبہ اور اساتذہ دونوں کے لیے سہل ہو۔ یہ سلیبس، طلبہ، اساتذہ اور ممتحنین کے مابین طلبہ کے تعلّمی حاصلات (SLOs) اور **امتحانی تخصیص پرچہ جات (Exam Specifications)** سب کا ایک مشترکہ فریم ورک مہیا کرتے ہوئے رابطے کا کام کرتے ہیں۔

6۔ اس سلیبس (syllabus) کو سمجھنے یا اس پر عمل پیرا ہونے کے لیے طلبہ اور اساتذہ، بورڈ کی طرف سے اُس کے الحاق شدہ اسکولوں کو فراہم کردہ اضافی مواد سے مدد لے سکتے ہیں جن میں: ریسورس گائیڈز (Resources Guides)، پیسنگ گائیڈز (Pacing Guides) اور ماڈل پیپرز (Model Papers) شامل ہیں۔

7۔ بہ حیثیتِ مجموعی آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کی ثانوی (SSC) اور اعلیٰ ثانوی جماعتوں (HSSC) کے سلیبس (syllabus) طلبہ کو ایسی مدد فراہم کرتے ہیں، جس کے ذریعے وہ اپنے اندر تصوراتی تفہیم، تنقیدی تفکر اور مسائل کا حل نکالنے والی مہارتیں پیدا کر سکیں۔ یہ (تمام) سلیبس (syllabi) اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ طلبہ جامعات اور اس سے آگے کی کامیابی کے لیے تفہیمی سطحوں، جذباتی (affective) اور نفسیاتی حرکی مہارتوں (psychomotor skills) میں نشوونما پیدا کریں۔

FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

## آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے مضمون ’اخلاقیات‘ کے امتحانی سلیبس کی خصوصی توجیہہ (Rationale)

### AKU-EB کے مضمون ’ اخلاقیات ‘ کا مطالعہ کیوں کریں؟

اخلاقیات روزمرہ زندگی، چاہے وہ ذاتی ہو یا پیشہ ورانہ، کی بنیاد ہے۔ اخلاقیات کی تعلیم دینے کے پیچھے بنیادی وجہ یہ ہے کہ معاشرے کو درپیش مسائل کے بارے میں تنقیدی انداز میں سوچنے کے لیے ایک شعوری نقطۂ نظر پیدا کیا جائے۔ اخلاقیات ایک مضمون کے طور پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ وہ معاشرے میں رائج اخلاقی طریقوں پر غور کر سکیں اور معاشرے کو ہموار طریقے سے چلانے کے لیے مختلف مذاہب کے اخلاقی معیارات کا موازنہ کر سکیں۔

یہ سلیبس غیر مسلم طلبہ کے لیے اسلامیات کے متبادل کے طور پر متعارف کرایا گیا ہے۔

### AKU-EB کے مضمون ’ اخلاقیات ‘ سے آپ کیا سیکھیں گے؟

AKU-EB کا نصاب بہ حیثیتِ مضمون اخلاقیات کے مجموعی وژن کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔ اخلاقیات روزمرہ کی زندگی کو ذاتی اور پیشہ ورانہ طور پر تشکیل دیتی ہے۔ اخلاقیات کی تعلیم معاشرتی مسائل کے بارے میں تنقیدی سوچ کو فروغ دیتی ہے جس سے طلبہ کو اخلاقی طریقوں پر غور کرنے اور اخلاقی معیارات پر مذہبی نقطۂ نظر کا موازنہ کرنے کی ترغیب دیتی ہے۔ یہ مضموں شعوری فیصلہ سازی کو فروغ دینے اور متنوع ضابطۂ اخلاقیات کی سمجھ کی بنیاد پر ایک فعال معاشرے کو یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے۔ مزید بر آں اخلاقیات کا نصاب مختلف مذاہب کی مختلف رسومات اور طریقوں کے پیچھے منطق اور استدلال کو سامنے لانے میں بھی مدد کرتا ہے۔ یہ مضمون ایک شخص کو دوسرے مذہبی گروہوں کو سمجھنے کے ساتھ اپنے اندر ان کے لئے رواداری کی ایک سطح پیدا کرنے کے قابل بناتا ہے جو معاشرے کی ترقی کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔

مزید بر آں، یہ مضمون نہ صرف نظریات پر مبنی ہے بلکہ سماجی و مذہبی شخصیات کی زندہ مثالیں بھی پیش کرتا ہے تاکہ یہ پیغام دیا جائے کہ اخلاقی اعمال کو سر انجام دینا ناممکن نہیں ہے بلکہ انہیں اپنی زندگیوں میں اپنایا جا سکتا ہے۔

تعلیم کا مقصد صرف قابلیت (qualifications) اور ڈگریاں حاصل کرنا ہی نہیں ہے، یہ ایک ایسا ذریعہ بھی ہے جو ہمیں صحیح اور غلط میں فرق کرنے، دیگر افراد کے وقار کو برقرار رکھنے اور اپنی زندگی کو لوگوں اور معاشرے کے مفاد میں گزارنے میں مددگار ہوتی ہے۔ اخلاقیات بہ طورِ مضمون تعلیم کے مذکورہ مقصد کو حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ پھر بھی، اگر کوئی تقابلی مذاہب کا مطالعہ کرنا چاہتا ہے، تو اخلاقیات ایک مضمون کی حیثیت سے سنگِ بنیاد کا کام کرے گی۔

FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

## سلیبس سے کیسے رجوع کیا جائے؟

اے کے یو۔ای بی (AKU-EB) امتحانی سلیبس بہ طورِ خاص قاری کے موافق ہونے کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے، یعنی اس بات کو یقینی بنایا گیا ہے کہ طلبہ اور اساتذہ اسے بہ آسانی سمجھ سکیں تاکہ یہ سلیبس درس و تدریس، سیکھنے اور جانچ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیے فعال کردار ادا کرسکے۔ سلیبس میں درج ذیل عناصر شامل ہیں:

| | |
|---|---|
| **موضوع کی دلیل** | یہ اخلاقیات کے طلبہ کے لیے ایک تعارفی دستاویز ہے۔ |
| **تعلّمی حاصلاتِ طلبہ** | یہ اس بارے میں تفصیلی راہ نمائی فراہم کرتے ہیں کہ کون سے اہداف حاصل کرنے ہیں۔ |
| **تخصیص پرچہ** | یہ اس بارے میں راہ نمائی کرتا ہے کہ امتحان میں کیا توقع کی جاتی ہے۔ |
| **اضافی وسائل** | |
| **پیسنگ گائیڈ** | یہ اسکول کے تعلیمی سال کی باقاعدہ ترتیب اور سلیبس کے تسلسل کو یقینی بناتی ہے۔ یہ سلیبس کے نفاذ کے ساتھ وقت اور رفتار کی بھی پیش گوئی کرتی ہے۔ |
| **ریسورس گائیڈ** | اس میں طلبہ اور اساتذہ کے لیے تدریس اور سیکھنے کے وسائل شامل ہیں۔ |
| **ماڈل پیپر** | یہ امتحانی پرچہ جات کی ساخت، سوالات کی اقسام اور مارکنگ اسکیم کے حوالے سے راہ نمائی کرتا ہے۔ |
| **کلماتِ امریہ** | یہ تفہیمی سطحوں اور مہارتوں کے حوالے سے اُن توقعات کو واضح کرتے ہیں، جو طلبہ کو حاصل کرنی چاہییں اور جن کی جانچ امتحانات میں کی جاتی ہے۔ |

FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

## آغاخان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ، نصاب برائے اخلاقیات، جماعت نہم کے عنوانات اور تعلّمی حاصلاتِ طلبہ

| عنوانات | | تعلّمی حاصلاتِ طلبہ | تفہیمی سطحیں | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | جاننا | سمجھنا | اطلاق اور اعلیٰ مدارج[1] |
| 1۔ اخلاقیات کا تعارف | | امیدواروں کو اِس قابل ہونا چاہیے کہ وہ | | | |
| 1.1 اخلاقیات کا تعارف اور اس کی شاخیں | 1.1.1 | اخلاقیات کی تعریف کر سکیں، | * | | |
| | 1.1.2 | اخلاقیات کی تین اہم شاخیں اطلاقی اخلاقیات (applied ethics)، معیاری اخلاقیات (normative ethics) اور مابعد الاخلاقیات (meta ethics) کو بیان کر سکیں، | | * | |
| 1.2 اخلاقیات کا دائرہ کار | 1.2.1 | ایک فرد کی شخصیت کی تشکیل میں اخلاقیات کی اہمیت مثالوں سے واضح کر سکیں، | | | * |
| | 1.2.2 | سماجی تعلقات میں اخلاقیات کی اہمیت پر بحث کر سکیں۔ | | | ت ش |

[1] اطلاق میں بلومز ٹیکسانومی کی دیگر اعلیٰ مدارج بھی شامل ہیں، جنھیں: اطلاق (اط)، 'تجزیہ (ت ج)، تشخیص (ت ش) اور تخلیق (ت خ)' کی حامل مدارج کو قوسین میں دی گئی حروفِ تہجی سے بہ طورِ علامت واضح کیا گیا ہے۔

FOR ANNUAL EXAMINATIONS 2026 AND ONWARDS

| عنوانات | | | تعلّمی حاصلاتِ طلبہ | جاننا | تفہیمی سطحیں<br>سمجھنا | اطلاق اور اعلیٰ مدارج |
|---|---|---|---|---|---|---|
| معیاری اخلاقیات<br>(Normative Ethics) | 1.3 | 1.3.1 | اخلاقی فرائض اور ان کی اقسام جیسے کہ مثبت فرائض اور منفی فرائض کو بیان کر سکیں، | | * | |
| | | 1.3.2 | اخلاقی نظریات (theories) میں استعمال ہونے والی اصطلاحات مثلاً: اخلاقی جذبات اور اخلاقی اصول کو بیان کر سکیں، | | * | |
| | | 1.3.3 | دینی (religious) اور دنیاوی (secular) ضابطۂ اخلاق کے درمیان فرق کر سکیں، | | * | |
| | | 1.3.4 | فردِ واحد کی زندگی میں دینی اور لادینی ضابطۂ اخلاق کے کردار کا اندازہ لگا سکیں، | | | ت ش |
| | | 1.3.5 | معیاری اخلاقی نظریات (Normative Ethical Theories) کو بیان کر سکیں جیسے کہ<br>الف۔ نتیجہ خیز نظریہ (Consequentialist Theory)<br>ب۔ حکمِ الٰہی نظریہ (Divine Command Theory)، سماجی معاہدے کا نظریہ، (Social Contract Theories) اور کانٹیانزم (Kantianism)<br>ج۔ اخلاقی خصوصیت کا نظریہ (Virtue Ethical Theory) | | * | |
| | | 1.3.6 | الغزالی کے اخلاقی فلسفے کے بنیادی تصوّرات کو بیان کر سکیں، | | * | |
| | | 1.3.7 | کانٹ کے اخلاقی فلسفے کے بنیادی تصوّرات جیسے کہ فرض پر مبنی اخلاقیات ('duty based ethics') اور نیک نیتی ('good will') کو بیان کر سکیں، | | * | |
| | | 1.3.8 | ارسطو کی نیکوماشین (Nichomanchean) اخلاقیات کے بنیادی اجزا کو بیان کر سکیں، | | * | |
| | | 1.3.9 | فلسفیوں کے بیان کردہ تصورِ اخلاقیات (concept of morality) کا روزمرہ زندگی سے تعلق ظاہر کر سکیں۔ | | * | |

| عنوانات | | تعلّمی حاصلاتِ طلبہ | تفہیمی سطحیں: جاننا | سمجھنا | اطلاق اور اعلیٰ مدارج |
|---|---|---|---|---|---|
| **2۔ دنیا کے اہم مذاہب** | | **امیدواروں کو اِس قابل ہونا چاہیے کہ وہ** | | | |
| 2.1 الٰہیات کا تعارف | 2.1.1 | الٰہیات اور مذہب کی تعریف کر سکیں، | * | | |
| | 2.1.2 | خدا کے وجود (کائناتی دلیل) پر یقین کی حمایت میں وجوہات پر بحث کر سکیں، | | | ت ش |
| | 2.1.3 | لاادریت (Agnosticism) اور دہریت (Atheism) میں فرق کر سکیں، | | * | |
| 2.2 مختلف مذاہب میں خدا کا تصوّر<br>• بدھ مت<br>• عیسائیت<br>• ہندو مت<br>• سکھ مت<br>• اسلام<br>• زرتشتیت | 2.2.1 | الوہیت (divinity) کے تصوّر جیسے کہ ایک خدا کی پرستش، کئی خداؤں کی پرستش، دین فطرت، دو خداؤں کی پرستش، کا موازنہ کر سکیں، | | * | |
| | 2.2.2 | خدا اور عبادت کے تصوّر کی وضاحت کر سکیں، | | * | |
| | 2.2.3 | خدا کی ماورائیت (transcendence of God) اور حضوریت (immanence) کی وضاحت کر سکیں، | | * | |
| | 2.2.4 | خدا کی صفات جیسے قادرِ مطلق، عالم کُل، ہمہ گیر اور خیر خواہ، کو بیان کر سکیں، | | * | |
| 2.3 انسانی زندگی کا مقصد | 2.3.1 | زمین پر انسانی زندگی کے مقصد پر بحث کر سکیں، | | | ت ش |
| | 2.3.2 | دنیا کو زندگی و توانائی کے تحفظ اور انسانی حرمت کو فروغ دے کر کیسے رہنے کے لئے ایک بہتر جگہ بنائی جا سکتی ہے، تجاویز دے سکیں، | | | ت ش |
| | 2.3.3 | نجات (salvation) اور آزادی کے تصوّر (liberation) کو بیان کر سکیں، | | * | |

| عنوانات | | تعلّمی حاصلاتِ طلبہ | | تفہیمی سطحیں | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | جاننا | سمجھنا | اطلاق اور اعلیٰ مدارج |
| امیدواروں کو اِس قابل ہونا چاہیے کہ وہ | | | | | |
| 2.4 انسانی فطرت | 2.4.1 | ’انسانی فطرت‘ کی تعریف کر سکیں، | * | | |
| | 2.4.2 | ان عناصر کی شناخت کر سکیں جو انسان کے اچھے یا بُرے ہونے کے ذمہ دار ہیں، | | * | |
| 2.5 انسان: کثیر الجہتی مخلوق | 2.5.1 | انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں جیسے کہ روحانی، اخلاقی، شعوری، نفسیاتی، جمالیاتی، سماجی اور مادی کی وضاحت کر سکیں، | | * | |
| | 2.5.2 | انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں میں توازن پیدا کرنے کے طریقے تجویز کر سکیں، | | | ت ش |
| 2.6 انسانی آزادی اور حدود | 2.6.1 | خود اختیاری (free will) اور عزم (determination) کے تصوّرات کے درمیان فرق کر سکیں، | | * | |
| | 2.6.2 | انسانی زندگی کے پہلے سے طے شدہ اور قابلِ تغیر پہلوؤں کو بیان کر سکیں، | | * | |
| | 2.6.3 | ’آزادی‘ اور ’بے راہ وری‘ کے درمیان فرق کر سکیں، | | * | |
| | 2.6.4 | انسانی زندگی کے مقصد کو حاصل کرنے میں ارادے (will) کی اہمیت پر بحث کر سکیں، | | | ت ش |
| 2.7 زندگی بعد از موت | 2.7.1 | زندگی بعد از موت کے تصوّر جیسے کہ لکیری حیاتِ نو اور چکراتی نقطۂ نظر (linear and cyclical views)، قیامت اور دوبارہ جنم لینا کی وضاحت کر سکیں، | | * | |
| | 2.7.2 | احتساب کے تصوّر کی وضاحت کر سکیں، | | * | |
| | 2.7.3 | معاشرے اور فرد کے اوپر انسانی اعمال کے دیرپا اثرات کا تجزیہ کر سکیں۔ | | | ت ج |

(نوٹ: موضوع 2 کے تمام تعلّمی حاصلات طلبہ (SLOs) کا صرف ذیلی موضوع 2.2 میں ذکر کردہ مذاہب کے نقطۂ نظر سے ہی جائزہ لیا جائے گا۔)

| عنوانات | | تعلّمی حاصلاتِ طلبہ | | تفہیمی سطحیں | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | جاننا | سمجھنا | اطلاق اور اعلیٰ مدارج |
| **3۔ اقدار و آداب** | | امیدواروں کو اِس قابل ہونا چاہیے کہ وہ | | | | |
| 3.1 | اقدار کی نوعیت | 3.1.1 | ’اقدار‘ اور ’اخلاقیات‘ کی تعریف کر سکیں، | * | | |
| | | 3.1.2 | اقدار اور اخلاقیات میں فرق کر سکیں، | | * | |
| | | 3.1.3 | مثبت اور منفی اقدار میں فرق کر سکیں، | | * | |
| | | 3.1.4 | اخلاقی معاشرے کی تشکیل میں مثبت اقدار کے اثرات پر بحث کر سکیں، | | | ت ش |
| | | 3.1.5 | معاشرے کی تنزلی میں تعصّب، غیبت، دھوکہ دہی، رشوت خوری اور مادیت پرستی جیسی منفی اقدار کے کردار کا تجزیہ کر سکیں، | | | ت ج |
| 3.2 | انسانی اقدار | 3.2.1 | عزّتِ نفس کے معنی کی وضاحت کر سکیں، | | * | |
| | | 3.2.2 | عزّتِ نفس اور دوسروں کے لیے احترام کے درمیان تعلق قائم کر سکیں، | | * | |
| | | 3.2.3 | ایسے اعمال اور رویّے کی مثالیں دے سکیں جو دوسروں کے جان و مال کے حوالے سے احساسِ ذمہ داری کی عکاسی کرتے ہوں، | | ت ت[2] | |
| | | 3.2.4 | دوسروں کی خدمت ایک بنیادی انسانی قدر ہے، کی وضاحت کر سکیں، | | * | |
| | | 3.2.5 | معاشرے میں خدمتِ خلق (philanthrophy) کی حوصلہ افزائی کے طریقوں کی عملی مثالیں دے سکیں، | | | اط |

[2] ت ت: تشکیلی تشخیص (formative assessment) کے تعلّمی حاصلاتِ طلبہ کو امتحان میں **نہیں** جانچا جائے گا۔

| اطلاق اور اعلیٰ مدارج (تفہیمی سطحیں) | سمجھنا | جاننا | تعلّمی حاصِلاتِ طلبہ | | عنوانات | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | امیدواروں کو اِس قابل ہونا چاہیے کہ وہ | | | |
| | * | | ایمان داری کے معنی کی وضاحت کر سکیں، | 3.3.1 | ایمان داری | 3.3 |
| | * | | ہر طرح کے حالات میں ایمان داری قائم رکھنے کی اہمیت کی مثالیں دے سکیں:<br>الف۔ ذاتی زندگی میں<br>ب۔ عمومی زندگی میں | 3.3.2 | | |
| | * | | محنت کے وقار کی وضاحت کر سکیں، | 3.4.1 | محنت کا وقار (Dignity of Labour) | 3.4 |
| | * | | معاش کے قانونی اور غیر قانونی ذرائع کی مثالیں دے سکیں، | 3.4.2 | | |
| | * | | 'خوش خلقی' کی اصطلاح کی وضاحت کر سکیں، | 3.5.1 | خوش خلقی (Courtesy) | 3.5 |
| ت ش | | | ایسے طریقے تجویز کر سکیں جن سے ذاتی، سماجی اور عمومی زندگی میں خوش خلقی کا مظاہرہ ہو، | 3.5.2 | | |
| | ت ت | | 'محبت' کو بنیادی انسانی قدر کی حیثیت سے وضاحت کر سکیں، | 3.6.1 | محبت | 3.6 |
| | ت ت | | اپنے خاندان، بہن بھائیوں، پڑوسیوں، ملک، فطرت اور انسانیت کے ساتھ تعلقات میں محبت کی اہمیت کی وضاحت کر سکیں، | 3.6.2 | | |
| | | * | 'رواداری' کی تعریف کر سکیں، | 3.7.1 | رواداری | 3.7 |
| ت ش | | | رواداری ایک پُرامن معاشرے کے قیام کے لیے اولین شرط ہے، پر بحث کر سکیں، | 3.7.2 | | |
| | * | | عقیدے، رسم و رواج، روایات، عادات، خیالات اور نظریات کے حوالے سے رواداری پر عمل کی مثالیں دے سکیں، | 3.7.3 | | |
| ت ش | | | معاشرے کی سرگرمیوں پر عدم برداشت کے نتائج پر بحث کر سکیں، | 3.7.4 | | |

| عنوانات | | تعلّمی حاصلاتِ طلبہ | تفہیمی سطحیں: جاننا | سمجھنا | اطلاق اور اعلیٰ مدارج |
|---|---|---|---|---|---|
| 3.8 حقوق کا احترام | 3.8.1 | انسانی حقوق کی تعریف کر سکیں، | * | | |
| | 3.8.2 | ذاتی عقائد اور اعمال کی روشنی میں حقوق کے تصوّر کی تشخیص کر سکیں، | | | ت ش |
| | 3.8.3 | انسانی حقوق کے عالمی منشور (UDHR) کے حوالے سے بنیادی انسانی حقوق کی نشان دہی کر سکیں، | | * | |
| | 3.8.4 | حقوق اور فرائض کے درمیان تعلق قائم کر سکیں، | | * | |
| | 3.8.5 | فردِ واحد اور معاشرے پر بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی کے اثرات پر بحث کر سکیں، | | | ت ش |
| | 3.8.6 | بنیادی انسانی حقوق کی پامالی کے حوالے سے مختلف صورتِ حال کی نشان دہی کر سکیں، | | * | |
| | 3.8.7 | پاکستانی معاشرے میں حقوق کی پامالی کی روک تھام کے لیے تجاویز پیش کر سکیں، | | | ت ت |
| 3.9 قوانین کا احترام | 3.9.1 | قانون کی نظر میں برابری کے تصوّر کی وضاحت کر سکیں، | | * | |
| | 3.9.2 | روزمرہ زندگی میں واسطہ پڑنے والے افراد کے حقوق کے احترام کے طریقوں کی تجویز دے سکیں، | | | ت ش |
| | 3.9.3 | معاشرے کے لیے فردِ واحد کے فرائض کو بیان کر سکیں، | | * | |
| 3.10 تکثیریت Pluralism | 3.10.1 | کثیر المذہبی اور کثیر الثقافتی معاشروں میں دوسروں کے لیے احترام ظاہر کرنے کے طریقوں کی نشان دہی کر سکیں، | | * | |
| | 3.10.2 | پاکستان میں دیگر مذاہب کے احترام کی مثال دے سکیں، | | * | |
| | 3.10.3 | تکثیری معاشرے کی ترقی میں رکاوٹ بننے والے عوامل جیسا کہ تعصّب، اقرباپروری، طرف داری اور اقتدار کے لیے جدوجہد کو بیان کر سکیں، | | * | |

| عنوانات | | تعلّمی حاصلاتِ طلبہ | جاننا | سمجھنا | تفہیمی سطحیں: اطلاق اور اعلیٰ مدارج |
|---|---|---|---|---|---|
| | 3.10.4 | ایسے طریقے تجویز کر سکیں جن کے ذریعے ایک تکثیری معاشرہ موئثر طریقے سے کام کر سکے، | | | ت ش |
| 3.11 آداب | 3.11.1 | عبادت گاہوں، دفاتر، بینکوں، ریلوے اسٹیشن، بس اڈے، ہوائی اڈے، بازاروں، گلیوں اور رہائشی مقامات کے حوالے سے آداب (etiquettes) کو بیان کر سکیں، | | * | |
| | 3.11.2 | ذاتی اور عمومی زندگی میں آداب (etiquettes) کی اہمیت پر بحث کر سکیں، | | | ت ش |
| | 3.11.3 | ایسے حالات کا جائزہ لے سکیں جہاں آداب (etiquettes) کی پیروی نہیں کی جاتی ہے، | | | ت ج |
| 3.12 انصاف | 3.12.1 | 'انصاف' کے معنی کی وضاحت کر سکیں، | | * | |
| | 3.12.2 | ذاتی، سماجی اور عمومی زندگی میں انصاف کے اطلاق کے طریقے تجویز کر سکیں، | | | ت ش |
| | 3.12.3 | قانون کی پابندی کرنے والے طرزِ عمل کی مثالیں دے سکیں، | | * | |
| | 3.12.4 | قوانین کی خلاف ورزی کے نتیجے میں معاشرے اور افراد کو پہنچنے والے نقصان کی تشخیص کر سکیں، | | | ت ش |
| | 3.12.5 | پاکستان کے تناظر میں "انصاف میں تاخیر، انصاف سے انکار" کے تصوّر کا جائزہ لے سکیں۔ | | | ت ج |

FOR ANNUAL EX... AND ON... S

| عنوانات | | تعلّمی حاصلاتِ طلبہ | | تفہیمی سطحیں | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | جاننا | سمجھنا | اطلاق اور اعلیٰ مدارج |
| **4۔ شخصیات** | | امیدواروں کو اِس قابل ہونا چاہیے کہ وہ | | | | |
| 4.1 | تعارف<br>• امام غزالی<br>• فلارنس نائیٹینگیل<br>• سری اوروبندو | 4.1.1 | ذیلی عنوان 4.1 میں دی گئی شخصیات کے حالاتِ زندگی کا خلاصہ کر سکیں، | | * | |
| | | 4.1.2 | اُن وجوہات کی وضاحت کر سکیں جن کی بہ دولت انہوں نے اپنے شعبوں کا انتخاب کیا، | | * | |
| | | 4.1.3 | 4.1 میں دی گئی شخصیات کی متاثر کن خصوصیات کی نشان دہی کر سکیں، | | * | |
| 4.2 | خدمات | 4.2.1 | ان شخصیات کی تحریروں / تعلیمات کے اہم پہلوؤں اور متاثر کن خصوصیات کو بیان کر سکیں، | | * | |
| | | 4.2.2 | ایسے طریقوں کی وضاحت کر سکیں جن کے ذریعے ان شخصیات نے انسانیت کو فروغ دینے میں اپنا کردار ادا کیا ہے، | | * | |
| | | 4.2.3 | وہ طریقے تجویز کر سکیں جن کے ذریعے ان شخصیات کی تعلیمات پر عمل کیا جا سکتا ہے، | | | ت ش |
| | | 4.2.4 | معاشرے میں ان شخصیات کی تعلیمات اور عمل سے آنے والی سماجی تبدیلی پر بحث کر سکیں، | | | ت ش |
| | | 4.2.5 | ان شخصیات سے پہلے اور بعد کے معاشرے کے حالات کا جائزہ لے سکیں۔ | | | ت ج |

## جانچنے کا طریقہ

### جماعت نہم

جدول 1: پرچے کی تخصیص

| Total Marks | Marks Distribution | | | Topics | Topic No. |
|---|---|---|---|---|---|
| | ERQs | CRQs | MCQs | | |
| | 10 Marks Choose any ONE from TWO | Total 8 Marks (2 CRQs) | 13 | اخلاقیات کا تعارف | 1۔ |
| | | Total 10 Marks (3 CRQs) | 12 | دنیا کے اہم مذاہب | 2۔ |
| | 10 Marks Choose any ONE from TWO | Total 6 Marks (2 CRQs) | 18 | اقدار و آداب | 3۔ |
| | | Total 6 Marks (2 CRQs) | 07 | شخصیات | 4۔ |
| **100** | **20** | **30** | **50** | کُل | |

**نوٹ:** اخلاقیات ثانوی جماعت کے لیے نمبروں کی تقسیم، تفہیمی سطحوں کے مطابق درج ذیل ہے:

جاننا: 0 to 15 %

سمجھنا : 60 to 70 %

اطلاق اور اعلیٰ مدارج: 20 to 30 %

FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

# امتحانی ڈھانچہ برائے درجہ نہم

- کثیر الانتخابی (MCQ) سوال کے لیے امیدواروں کو چار میں سے ایک بہترین / صحیح جواب کا انتخاب کرنا ہوتا ہے۔ ہر سوال (MCQ) کا ایک نمبر ہوتا ہے۔
- مختصر سوال (CRQ) کے لیے طلبہ کو مختصر متن کے ساتھ جواب (چند جملوں میں)، حسابات یا ڈائی گرامز دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔
- تفصیلی جواب (ERQ) کے لیے طلبہ کو مزید وضاحتی شکل میں جواب دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سوال کے جواب کے لیے پیرا گراف کی شکل میں اور جہاں ضرورت ہو وہاں خاکوں کے ساتھ سوال کے تمام حصوں کو حل کرنا چاہیے۔
- جدول 1 ہر موضوع میں SLOs کی تعداد اور نوعیت کی نشان دہی کرتی ہے۔
- تعلیمی سال کے آخر میں جماعت نہم کے لئے ایک ہی دفعہ امتحان کا انعقاد ہو گا۔
- نظری (theory) پرچہ دو حصوں میں ہو گا: پرچہ اول اور پرچہ دوم۔ دونوں پرچے 3 گھنٹے پر مشتمل ہوں گے۔
- حصہ اول کل 50 کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) پر مشتمل معروضی پرچہ ہو گا جو حصہ دوم یعنی موضوعی / تحریری پرچے سے پہلے لیا جائے گا۔ ہر سوال میں 4 انتخابات دیے جائیں گے۔ حصہ اول کے لئے جوابی شیٹ الگ سے فراہم کر دی جائے گی۔
- حصہ دوم 50 نمبر کا مختصر موضوعی سوالات (CRQ) اور تفصیلی سوالات (ERQs) پر مشتمل پرچہ ہو گا۔ ہر تفصیلی سوال دو سوالات پر مشتمل ہو گا جن میں سے طالب / طالبہ علم کو کوئی ایک سوال حل کرنا ہو گا / گی۔
- مختصر موضوعی سوالات (CRQ) میں انتخاب کا کوئی اختیار نہیں ہو گا، مگر ایک عنوان / موضوع کے تحت ذیلی سوالات پوچھے جاسکتے ہیں۔
- تمام موضوعاتی / تفصیلی سوالات ایک کتابچے میں دیے جائیں گے جو جوابی کاپی کے طور پر استعمال ہو گا۔

FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

## خدمات کا اعتراف

آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ(AKU-EB) ان تمام لوگوں کی خدمات کا تہہ دل سے مشکور ہے جنھوں نے اخلاقیات، ثانوی جماعتوں کے نصاب کی نظر ثانی کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا۔

ہم شکریہ ادا کرنا چاہیں گے ، **انیتا سلیم،اسپیشلسٹ**(AKU-EB) ، **نور اکبر، اسپیشلسٹ**(AKU-EB)اور **عرفانہ عمران، اسپیشلسٹ**(AKU-EB) کا کہ جنھوں نے اس نظر ثانی کے پورے عمل کے دوران اپنی قائدانہ صلاحیتوں کے ساتھ اخلاقیات، ثانوی جماعتوں کے نصاب کو مکمل کیا۔

ہم اُس پینل کے بھی خاص طور پر شکر گزار ہیں کہ جنھوں نے نصاب کا جائزہ لینے میں پورے عزم اور ارادے کے ساتھ اپنا قیمتی وقت صرف کیا۔

پینل میں شامل افراد کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

- **صندل عمران**
  **پینلسٹ**
  بائی ویر بائی جی سوپاری والا پارسی ہائی اسکول، کراچی
- **شہناز اصغر**
  **پینلسٹ**
  دی ماما پارسی گرلز سیکنڈری اسکول، کراچی
- **محمد زبیر**
  **پینلسٹ**
  آغا خان اسکول، کھارادر، کراچی
- **سیمین فاطمہ**
  **پینلسٹ**
  پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس، گرلز ہائی اسکول، کراچی

ہم **ڈاکٹر محمد حسین نقوی**، پروفیسر SZABIST یونیورسٹی کے بھی شکر گزار ہیں جنھوں نے اس نصاب کو ایک خاص نقطۂ نظر سے دیکھ کر اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ مذکورہ نصاب میں ایسی مہارتیں اور مواد شامل ہیں جو طالبِ علموں کے لیے مؤثر طریقے سے تعلیم کے اگلے درجے کے لیے رہنما ہوں گی۔

FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

**اندرونِ خانہ افرادی قوت**

- **حتمی مبصر اور مشیر:**

  **ڈاکٹر نوید یوسف**

  سی۔ای۔او، اے کے یو۔ای بی

- **آپریشنل ایڈوائزر،**

  **حنیف شریف**

  **ڈائریکٹر، اے کے یو۔ای بی**

- **قائد اور جائزہ کار برائے نصاب: رابعہ ہیرانی**

  سابقہ منیجر، کریکولم ڈیویلپمینٹ

- **سہولت کار برائے نصاب:**

  **دُرِ نسب**، ایسوسی ایٹ، کریکولم ڈیویلپمینٹ

  **ماہ رخ جیوا**، اسپیشلسٹ، مڈل اسکول پرگرام

- **مبصر برائے زبان و مواد:**

  **زین الملوک**، منیجر، ایگزامینیشن ڈیویلپمینٹ

  **ڈاکٹر محمد زوہیب حنیف**، لیڈ اسپیشلسٹ کریکولم اور ایگزامینیشن ڈیویلپمینٹ

  **عروسہ اسلم**، اسپیشلسٹ، کریکولم اور ایگزامینیشن ڈیویلپمینٹ

- **مبصر برائے تعلّمی وسائل:**

  **علی بجانی**، منیجر، ٹیچر سپورٹ اینڈ ٹیم

- **مبصر برائے اسسمنٹ:**

  **منیرہ محمد، لیڈ اسپیشلسٹ، اسسمنٹ**

- **انتظامی سہولیات اور مدد:**

  **راحیل صدر الدین**، منیجر برائے انتظامیہ

- **اسکول کو آرڈینیشن سپورٹ:**

  **دانش حسین**، سینئر منیجر آپریشنز اینڈ ٹیم

- **نصاب پر آنے والی رائے اور کوائف کے تجزیہ کار:**

  **محمد فہیم**، لیڈ اسپیشلسٹ، اسسمنٹ

  **محمد کامران افضل**، اسپیشلسٹ اسسمنٹ

FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

- **ڈیزائن میں مدد گار:**

**شاہنوز اکنازر بیکووا**، مینیجر کمیونیکیشنز

**حاتم یوسف**، اسپیشلسٹ، کمیونیکیشنز

- **کوالٹی اشورینس:**

**ملک اعظم**، مینیجر، کوالٹی اشورینس، اے کے یو۔ای بی

- **ڈیٹا کمپائلیشن اینڈ ایڈیٹنگ:**

**شمسہ فرزند علی**، سابقہ اسسٹنٹ، اے کے یو۔ای بی

**علی جمانی**، اسسٹنٹ، اے کے یو۔ای بی

**ریان علی**، اسسٹنٹ، اے کے یو۔ای بی

**اکبر ہاشمانی**، اسپیشلسٹ اسسمنٹ، اے کے یو۔ای بی

FOR ANNUAL EXAMINATION 2026 AND ONWARDS

Aga Khan University Examination Board

Block-C, IED-PDC, 1-5/B-VII, Federal B Area,
Karimabad, Karachi, Pakistan - 75950

examinationboard.aku.edu
AKUEBOfficial
akuexamboard
AKUEBOfficial
AKUEBOfficial
linkedin.com/school/akueb
examination.board@aku.edu
+92 21 3682 7011-8